30/03/2026
07.40 PM

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔
اب آپ **سید تجمل قادری** سے خبریں سُنئے

ہیڈ لائنز
*....... وزیر اعظم اور بی جے پی کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے آج آسام میں میرا بوتھ سب سے مضبوط سمواد پروگرام سے کیا خطاب ۔

*....... لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا سماج کے ہر ایک طبقے پر بھارت کو دنیا کا ایک عظیم ملک بنانے میں اپنا رول ادا کرنے پر زور ۔
*....... وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر کے سیاحتی منظر نامے کو معیار کی بلندیوں تک لے جانے کا دہرایا عزم ۔
اور
*....... مردم شماری 2027 یکم اپریل سے ہو گی شروع ۔

وزیر اعظم
سب سے مضبوط Mera Booth وزیر اعظم اور بی جے پی کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے آج سمواد پروگرام کے تحت آسام میں پارٹی کارکنوں کے ساتھ بات چیت کی ۔ اس بات چیت کا مقصد آسام میں اسمبلی چناو سے پہلے زمینی سطح پر کارکنوں کو متحرک کرنے کے ساتھ ساتھ ریاست کے ترقیاتی منظر نامے پر توجہ مرکوز کرنا تھا ۔ پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلی ایک دہائی کے دوران آسام نے زندگی کے مختلف شعبوں میں پیش رفت حاصل کی ۔
--------BYTE------

لیفٹنٹ گورنر
لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی دانشمندانہ قیادت میں قومی دھارے کے ساتھ جموں کشمیر کی مربوط کاری یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ترقیاتی عمل میں نئے بنچ مارک قائم کرنا بھی ممکن ہوا ہے ۔ جموں میں 23 مارچ سے تیس مارچ تک منعقدہ شہیدی دوس تقریبات اور وندے ماترم کے خصوصی مرحلے کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ جموں کشمیر میں وندے ماترم اور ہر گھر ترنگا جیسے پروگراموں سے حب الوطنی کے جذبے کو بھی تقویت حاصل ہو رہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ سماج کے ہر ایک طبقے کو بھارت کو دنیا کا ایک عظیم ملک بنانے کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کرنا چاہئے ۔
............LG............

*.......اب پیش ہیں جموں کشمیر کے ایوان اسمبلی سے اہم خبریں۔
----Gong----

اسمبلی
جموں میں قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس خوش اسلوبی سے جاری ہے ۔ آج بھی کئی اسمبلی ممبروں نے عوامی نوعیت کے معاملات کو اجا گر کر کے حکومت سے جوابات طلب کئے ۔

وزیر اعلیٰ سیاحت
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سیاحتی محکمہ جموں کشمیر میں سیاحت سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دینے کی وعدہ بند ہے اور جموں کشمیر کے تمام سیاحتی مقامات بشمول ترال حلقے کے سیاحتی مقامات میں سیاحوں کے لئے ہر طرح کی بنیادی سہولیات کو بڑھاوا دیا جا رہا ہے ۔ قانون ساز اسمبلی میں آج ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ سیاحوں کو جموں کشمیر کی طرف راغب کرانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔
ملازمین کے تبادلوں کے معاملے پر وزیر اعلیٰ نے کہا ۔
------BYTE------

وزیر اعلیٰ بجلی
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج قانون ساز اسمبلی میں بتایا کہ گوپال پورہ گرڈ سٹیشن میں پیدا ہوئی تکنیکی خرابی کو دور کر کے پہلگام حلقہ انتخاب میں معمول کی بجلی سپلائی بحال کر دی گئی ہے۔ ایم ایل اے پہلگام الطاف احمد کلو کی طرف سے پیش کی گئی توجہ
دلاو

---

تحریک کاجواب دیتے ہوئے عمر عبد اللہ نے کہا کہ25 اور 26 جنوری 2026 کی درمیانی رات نے گرڈ سٹیشن میں بھاری برفباری کے نتیجہ میں تیکنیکی خرابی پیدا ہوئی تھی تاہم محکمہ بجلی کے عملے نے رات دن کام کر کے اس خرابی کو دور کیا اور اب علاقے میں معمول کی بجلی سپلائی صارفین کو فراہم کی جارہی ہے۔

عمر خزانہ
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ جن کے پاس محکمہ خزانے کا قلمدان بھی ہے نے آج قانون ساز اسمبلی اور مالی دستاویزات پیش کئے ۔ Audit میں کئی اہم

وقفہ سوالات
نائب وزیر اعلیٰ سرندر چودھری نے آج قانون ساز اسمبلی میں موہن لال کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ جموں - اکھنور فور لین پروجیکٹ تکمیل کے آخری مرحلے میں جاری ہے اور یہ پروجیکٹ جون 2026 تک مکمل کیا جا ئے گا ۔ دریں اثناءنائب وزیر اعلیٰ نے دیو یانی رانا کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ جموں میں مائگرنٹ کیمپوں میں مرمت اور تجدید نو کے کاموں کے لئے 84 کروڑ 90 لاکھ روپے کا تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ تیار کیا گیا ہے ۔
صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے بدلے شمیم فردوس کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ جموں اینڈ کشمیر لیک کنزرویشن اینڈ منیجمنٹ اتھارٹی نے AMRUT اور PMDP کے تحت کئی پروجیکٹ مکمل کئے ہیں ۔ انہوں براری نمبل سرینگر میں نے مزید کہا کہ جھیل ڈل میں آلودگی کو کم کرنے کے لئے بھی کئی پروجیکٹ ہاتھ میں لئے گئے ہیں ۔ اس موقعہ پر تنویر علی صادق نے ضمنی سوال پوچھا ۔ وزیر موصوفہ نے وزیر اعلیٰ کے بدلے پون کمار کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ادھمپور قصبے سے نکلنے والے کوڑا کرکٹ کو سائنسی طریقے پر Mand میں موجود ڈمپنِگ سائٹ پر سائنسی طریقے پر ٹھکانے لگایا جاتا ہے ۔ سکینہ ایتو نے وِکرم رندھاوا کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ گاندھی نگر اسپتال کی تمام سہولیات کو دو سو بستروں پر مشتمل MCH اسپتال بلڈنگ میں منتقل کیا گیا ہے ۔
انہوں نے شبیر احمد کُلے کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ایوان کو جانکاری دی کہ جموں کشمیر کے طبی اداروں میں تکنیکی اور دیگر خدمات کے لئے ہاسپٹل ڈیولپمنٹ فنڈ ورکروں کو تعینات

کیا گیا تھا اور حکومت کے پاس اس طرح کی تعیناتیاں کرنے کے لئے اب کوئی منصوبہ نہیں ہے
۔

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے نظام الدین بٹ کی طرف سے پوچھے گئے غلام احمد میر کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت زرعی شعبے کو دوام بخشنے کے لئے موثر آبپاشی نظام قائم کرنے کی وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ڈورو حلقے میں بھی کسانوں کی سہولت کے لئے آبپاشی کی سہولت کو بڑھاوا دیا جا رہا ہے ۔ وزیر موصوف نے علی محمد ساگر کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ پچھلے پانچ برسوں کے دوران جھیل ولر کو تحفظ دینے کے لئے یوٹی کیپیکس کے تحت 14 ہزار 647 لاکھ روپے منظور کئے گئے ۔

وقفہ صفر

وقفہ صفر کے دوران آج ایوان میں متعدد ارکان نے عوامی نوعیت کے معاملات کو اجا گر کیا ۔ ان ممبران میں بلونت سنگھ منکوٹیہ ، حسنین مسعودی ، سرجیت سنگھ سلاتھیا ، آغا سید منتظر مہدی ، فاروق احمد شاہ ، ڈاکٹر بشیر احمد شاہ ویری ، نذیر احمد خان گریزی ، میر سیف اللہ ، تنویر صادق ، شکتی راج پریہار ، نریندر سنگھ رینہ ، افتخار احمد ، خورشید احمد ، شبیر احمد کُلے ، مبارک گل ، الطاف احمد وانی ، ڈاکٹر سجاد شفیع ، آر ایس پٹھانیہ ، پروفیسر گورَو رام بھگت ، نظام الدین بٹ ، سجاد شاہین ، سجاد غنی لون ، ایم وائی تاریگامی ، سیف الدین بٹ ، عرفان رسول کار ، میر فیاض ، میاں مہر علی ، سنیل بھردواج ، عبد المجید بٹ لارمی ، ریاض احمد خان ، علی محمد ڈار ، پون کمار گپتا ، بلدیو راج شرما ، قیصر جمشید لون شامل ہیں ۔

توجہ دلاو

دریں اثناءصحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج قانون ساز اسمبلی میں سلمان ساگر کے توجہ دلاو نوٹس کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ سرینگر ماسٹر پلان 2035 کے تحت سب ڈسٹرکٹ اسپتال حضرت بل تعمیر کرنے سے متعلق بفر زون پابندیوں میں نرمی کا معاملہ اس وقت جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ میں ہے جس کے بعد اسے وزارتی کونسل کے سامنے رکھا جائے گا ۔

بل

قانون ساز اسمبلی میں آج نو ارکان نے پرائیویٹ ممبر بل پیش کئے جن میں ارکان نے حکومت کی یقین دہانیوں کے بعد چھ بل واپس لئے جبکہ دو بلوں کو صوتی ووٹ کے ذریعے مسترد کر دیا گیا
۔

سنہا بل

قانون ساز اسمبلی کے سیکریٹری منوج کمار پنڈت نے آج ایوان میں جانکاری دی کہ ایوان کی طرف سے پاس کئے گئے تین بلوں کو لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے منظوری دی ہے ۔

مشن یووا

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے امید ظاہر کی ہے کہ مشن یووا ملک بھر میں خود روزگار سکیموں کے ایک ماڈل کے طور پر ابھرے گا ۔ آج کنونشن سینٹر جموں میں کارخانہ داروں اور سکیم کے مستفیدین سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر نے کارخانہ داری پر مبنی ترقی میں قومی بنچ مارک قائم کیا ہے ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یناَپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----Gong-----

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

مردم شماری

مردم شماری 2027 اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے شروع ہو رہی ہے۔ یہ اس سلسلے کی 16 ویں اور آزادی کے بعد سے آٹھویں مردم شماری ہوگی۔ آج نئی دلی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے رجسٹرار جنرل اور بھارت کے مردم شماری سے متعلق کمشنر Mritunjay کمار نارائن نے بتایا کہ یہ مردم شماری دو مرحلوں میں کرائی جائے گی۔ پہلے مرحلے میں گھروں کی گنتی ہوگی ۔ انہوں نے کہا کہ مردم شماری کے دوسرے مرحلے میں ذات سے متعلق مردم شماری کی جائے گی۔

------BYTE-------

*.......اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کے بیانا ت پر مبنی خبریں۔

----Gong----

محبوبہ مفتی

پی ڈی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے کہا ہے کہ سٹیٹ ہُڈ کے بغیر بھی حکومت کے پاس کئی اہم معاملات کو حل کرنے کے اختیارات موجود ہیں۔ جموں کشمیر اسمبلی کا دورہ کرنے کے بعد میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت اراضی حقوق ،نئے اضلاع اور انتظامی یونٹ کے قیام نیز ڈیلی ویجروں کا مسلہ حل کرنے کے لئے نئے قوانین بنا سکتی ہے ۔

-------BYTE------

دریں اثناءپی ڈی پی کے ایم ایل اے وحید الرحمان پرہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو جاری کئے گئے ایک تحریری بیان میں دعویٰ کیا ہے کہ ان کی طرف سے اسمبلی میں پیش کئے گئے پلوامہ ضلع میں شیخ العالم یونیورسٹی قائم کرانے سے متعلق پرائیویٹ بل کو حکومت نے مسترد کر دیا ہے ۔

ممبر اسمبلی موصوف نے الزام لگایا کہ وزیر تعلیم نے مذکورہ بل کو مسترد کیا جبکہ اس کی کوششوں کے باوجود حکمران جماعت سے وابستہ ممبرانِ اسمبلی نے اس بل کے خلاف ووٹ دیا ۔ واضح رہے کہ اس سلسلے میں اسمبلی سیکریٹریٹ کی جانب سے کوئی بھی کمیونکیشن جاری نہیں کی گئی ہے ۔

تعزیت

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے قمر واری سرینگر کے غلام احمد مصطفی عاصمی کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کی ہے ۔

جمعیت ہمدانیہ جموں کشمیر کے سربراہ مولانا ریاض احمد ہمدانی نے بھی مرحوم کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔

تنویر صادق

نیشنل کانفرنس کے ترجمانِ اعلیٰ تنویر صادق نے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کے جان بحق ہونے کے بعد وادی میں ہوئے احتجاجی مظاہروں کے دوران گرفتار کئے گئے نوجوانوں کی رہائی اور درج کئے گئے کیسوں کا معاملہ اٹھایا ۔
پارٹی کے ترجمان عمران نبی ڈار نے پی ڈی پی پر الزام لگایا کہ وہ اپنی ساکھ قائم کرنے کے لئے آئے روز بیان بازی اور گمراہ کن احتجاجی مظاہروں سے کام لے رہے ہے ۔

اشوک کول
جموں کشمیر کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے آج کپواڑہ ضلعے کے لنگیٹ BJP ہندواڑہ میں پنڈت دین دیال اپادھیائے تربیتی پروگرام کے دوران پارٹی کارکنوں سے خطاب کیا ۔
ابھیان پارٹی کی ایک ایسی پہل ہے جس کا مقصد Prashikshan اس موقعہ پر انہوں نے کہا زمینی سطح پر کارکنوں کی ہنر مندی میں اضافہ کرنا اور پارٹی کو مزید مضبوط کرنا ہے ۔

سنجیتا ڈوگرا
جموں کشمیر کی جنرل سیکریٹری سنجیتا ڈوگرا نے اعلان کیا ہے کہ وہ کچی چھاونی جموں BJP میں خواتین کے لئے ہر منگل وار کو عوامی دربار کا انعقاد کیا کریں گی تاکہ خواتین کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کر کے انہیں حل کیا جائے ۔

محمد امین شاہ
بی جے پی سٹیٹ ایگزیکیوٹیو ممبر محمد امین شاہ نے ایل جی انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ اور لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کے Settlement صارفین کے التواءمیں پڑے بجلی بلوں کی سکیم کو توسیع دیں ۔ انہوں نے کہا کہ ایسا کرنے سے اقتصادی طور کمزور Amnesty لئے کنبوں کو راحت نصیب ہو گی ۔

jdu
جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے ٹولپ سیزن کے دوران بھی جموں کشمیر میں بقول ان کے سیاحوں کی غیر موجودگی کو حکومت کی ناکامی سے تعبیر کیا ہے ۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ رواں موسم کے دوران وادی میں سیاحوں کی کافی بھیڑ ہو نی چاہئے تھی لیکن حکومت خطے کے سیاحتی منظر نامے کو اجا گر کرنے میں ناکام رہی ہے ۔

*.......اب پیش ہیں منشیات کے خلاف پولیس اور دیگر عوام دوست سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔
---Gong---

جموں پولیس
میں ایک فرار ملزم کی جائداد کو اٹیچ Khour جموں رورل پولیس نے عدالت کی ہدایات کے بعد کر دیا ہے ۔
کی ایک گمشدہ لڑکی کو باز یاب کر کے اسے اپنے Thera Mendhar پونچھ پولیس نے ناگل گلی لواحقین کے حوالے کر دیا ۔
سے ایک ڈرگ Supwal سانبہ پولیس نے منشیات کے خلاف کاروائی کو جاری رکھتے ہوئے سمگلر کو گرفتار کیا ہے اور اس کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔
ڈوڈہ پولیس نے غیر قانونی طور پر ریت اور باجڑی نکالنے کی پاداش میں تین ٹپروں کو ضبط کر کے 36 ہزار روپے جرمانہ بھی وصول کیا ہے ۔
میں سوک ایکشن پروگرام کے تحت Gwadi ڈوڈہ پولیس نے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول ایک والی بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا ۔

سے ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے Manjhari پونچھ پولیس نے ناکا
کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔
دیپک شرما کی یاد میں ایک PSI ادھمپور پولیس نے گورنمنٹ ڈگری کالج بائز ادھمپور میں شہید
سپورٹس ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا ۔

کشمیر پولیس
پولیس نے پلوامہ میں غیر قانونی کانکنی کے خلاف مہم کو تیز کرتے ہوئے مشینری کو ضبط کیا
ہے ۔
پولیس نے گاندربل میں گورنمنٹ فیزیکل ایجوکیشن کالج گاڈورہ میں سوک ایکشن پروگرام کے
تحت پولیس پریمئیر فٹ بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا ۔
پولیس نے بڈگام کے چاڈورہ علاقے میں ایک منشیات فروش کو گرفتار کر کے اس کے قبضے
سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔
کانفرنس کا انعقاد کیا گیا ۔ DGP // IGP ضلع پولیس لائن پلوامہ میں آج ایک روزہ ضلع سطح کی
کانفرنس کی صدارت ایس ایس پی پلوامہ تنوشری نے کی ۔

کشمیر یونیورسٹی
کے Developing Communication skills in The Age of AI کشمیر یونیورسٹی میں آج
موضوع پر ایک ہفتہ طویل ورکشاپ کا آغاز ہوا۔ یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان
نے اس کا افتتاح کیا ۔

کھاد
مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ ملک میں کھادوں کا وافر سٹاک موجود ہے ۔ نئی دلی میں مغربی
ایشیا کی صورتحال کے چلتے بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے کھادوں کے محکمے
یونٹ 80 فیصد صلاحیت کے حساب Urea کی ایڈیشنل سیکریٹری اپرنا شرما نے کہا کہ ملک کے
سے کھاد تیار کر رہے ہیں ۔

وزیر خزانہ
وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج پارلیمنٹ میں ملک کی معیشت کی مضبوطی کا دفاع کرتے
ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر غیر یقینی صورتحال کے با وجود بھارت کے روپیہ کی اچھی قیمت
ہے ۔ لوک سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران انہوں نے کہا کہ دنیا بھر کی کرنسیاں موجودہ حالات
کے چلتے اتار چڑھاو کا شکار ہو رہی ہیں تاہم بھارتی معیشت کی بنیادیں مضبوط ہیں ۔
-------V/O------

موسم
محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں اکثر مقامات پر گرج
چمک کے ساتھ درمیانہ درجے کی بارش یا برفباری ہو نے کا امکان ہے ۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت14 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے
کم درجہ حرارت 10 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ کل رات کا
کم سے کم درجہ حرارت 20 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 20 منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر50منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ۔